إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْءًا وَأَقْوَمُ قِيلًا

بیشک اُٹھنا رات کو ہے بہت ہی کارگر (نفس پر) قابو پانے کے لیے اور بہت ہی خوب وقت ہے (قرآن) پڑھنے کے لئے۔

الْمُزَّمِّلُ

بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (١)

اے جھرمٹ مارنے والے!

قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا (٢)

کھڑا رہ رات کو (نماز میں)، مگر کسی رات،

نِصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا (٣)

آدھی رات یا اس سے کم کر تھوڑا سا،

أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا (٤)

یا زیادہ کر اس پر، اور کھول کھول (ٹھہر ٹھہر) پڑھ قرآن کو صاف۔

إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا (٥)

ہم آگے ڈالیں گے تجھ پر ایک بھاری بات (کلام)۔

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْءًا وَأَقْوَمُ قِيلًا (٦)

البتہ اٹھان (اٹھنا) رات کا سخت روندتا ہے (سخت ہے نفس پر)، اور سیدھی نکلتی ہے بات۔

إِنَّ لَكَ فِي اَلنَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا (٧)

البتہ تجھ کو دن میں شغل رہتا ہے لمبا۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (٨)

اور پڑھ نام اپنے رب کا، اور چھوٹ جا اسکی طرف (اللہ کے ہو رہو) سب سے الگ ہو کر۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا (٩)

مالک مشرق اور مغرب کا، اس بن کسی کی بندگی نہیں سو پکڑ (بنالو) اس کو کام سونپا (کارساز)۔

وَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا (١٠)

اور سہتا رہ (صبر کر) جو کہتے رہیں، اور چھوڑ ان کو بھلی طرح چھوڑنا۔

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا (١١)

اور چھوڑ دے مجھ کو، اور جھٹلانے والوں کو جو آرام میں رہیں ہیں، اور ڈھیل دے انکو تھوڑی سی (اور)۔

إِنَّ لَدَيْنَا أَنكَالًا وَجَحِيمًا (١٢)

البتہ ہمارے پاس (ان کے لئے) بیڑیاں ہیں، اور آگ کا ڈھیر،

وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا (١٣)

اور کھانا گلے میں اٹکتا، اور دکھ کی مار۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا مَّهِيلًا (١٤)

(یہ ہوگا) جس دن کانپے زمین اور پہاڑ، اور ہو جائیں پہاڑ ریت پھسلتی۔

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولًا (١٥)

ہم نے بھیجا تمہاری طرف رسول، بتانے والا تمہارا، جیسے بھیجا فرعون پاس رسول،

فَعَصَى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذًا وَبِيلًا (١٦)

پھر کہا نہ مانا فرعون نے رسول کا پھر پکڑی ہم نے اس کو پکڑ وبال کی۔

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِن كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا (١٧)

پھر کیوں کر بچو گے (تم)؟ اگر منکر ہو گئے اس دن سے جو کر ڈالے لڑکوں کو بوڑھا۔

السَّمَاءُ مُنفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولًا (١٨)

آسمان پھٹتا ہے اس (دہشت) میں۔ ہے اس (اللہ) کا وعدہ ہونا۔

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيلًا (١٩)

یہ تو سمجھوتی (نصیحت) ہے۔ پھر جو کوئی چاہے بنا رکھے (اختیار کرلے) اپنے رب کی طرف راہ۔

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ

تیرا رب جانتا ہے تو اٹھتا ہے (عبادت کیلئے) نزدیک دو تہائی رات کے اور آدھی رات اور تہائی رات

وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ

اور کتنے لوگ تیرے ساتھ کے۔

وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

اور اللہ ناپتا ہے رات کو اور دن کو۔

عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ

اس نے جانا کہ تم اس کو پورا نہ کر سکو گے، پھر تم پر معافی بھیجی، سو پڑھو جتنا آسان ہو قرآن ۔

عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ

جانا کہ آگے ہوں گے تم میں کتنے بیمار، اور کتنے اور پھرتے ملک میں

يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

ڈھونڈتے اللہ کا فضل، اور کتنے اور لڑتے اللہ کی راہ میں،

فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

سو پڑھو جتنا آسان اس میں سے،

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا

اور کھڑی رکھو نماز، اور دیتے رہو زکوۃ، اور قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا ۔

وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْرًا وَأَعْظَمَ أَجْرًا

اور جو آگے بھیجو گے اپنے واسطے کوئی نیکی، اس کو پاؤ گے اللہ کے پاس بہتر اور ثواب میں زیادہ ۔

وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٢٠)

اور معافی مانگو اللہ سے ۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com